# کاش

از

علیزہ بخت

مکمل ناول

- *************&&&&*********

جب زندگی ہمیں تھکا دے، ہمارے لیے کوئی راستہ نہ چھوڑے اور ہم بے بسی کی آخری حد پر ہوں تو دن کا اجالا بھی ہمارے اندر کے اندھیرے کو مات نہیں دے سکتا اپنے آپ کو اپنی آنکھوں کے سامنے درد کی آخری سیڑھی سے اترتے ہوئے موت کے منہ میں جاتے ہوئے دیکھنا بہت ازیت ناک ہوتا ہے اور یہ ازیت ہماری رگوں میں دوڑتے ہوئے خون کی طرح جسم کے ہر پور میں سے گزرتی ہے تو تکلیف ہوتی ہے، ایسی تکلیف جس کا پیمانہ ممکن نہیں، لوگوں کے سامنے ہنستے ہوئے اپنے آنسوؤں کو اپنے حلق سے اپنے اندر اتارنا ازیت کی آخری حد کے بھی پار ہوتا ہے،


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

*************&&&&&**********

آدھی رات، گھپ اندھیرا، تاریک کمرہ اور سسکیوں کی ہلکی ہلکی آواز کمرے میں خوف کا سماں پیدا کر رہی تھی. ایک ٹوٹی ہوئی بکھری ہوئی لڑکی گھٹنوں میں منہ چھپائے بے آواز رو رہی تھی اچانک اٹھی اور کمرے کی لائٹ آن کر دی، اس کا چہرہ خشک آنسوؤں اور پھیلے ہوئے کاجل سے معمور تھا، اس نے اپنی ڈائری سائڈ ٹیبل کی دراز سے نکالی اور ایک ہی بار اس کے دو ٹکڑے کر کے پھینک دیا اور زمین پر گھٹنوں کے بل بیٹھ گئی. وہ زور زور سے رونا چاہتی تھی چلانا چاہتی تھی اپنے اندر کا سارا غبار نکالنا چاہتی تھی، وہ بے آواز چیخ رہی تھی. وہ تڑپ رہی تھی. اس کی اس حالت کا زمہ دار سکون سے نیند کی آغوش میں تھا....

دوسروں کی زندگی جہنم بنا کے لوگ کیسے

سکون سے رہ پاتے ہیں.....

"شدت غم سے جو قہقہ میں نے لگایا کل رات بیٹھ کر بخت

تڑپ اٹھیں دیواریں میرے اندر کی آہ و بکائیں سن کر"

روتے روتے کب اس کی آنکھ لگ گئی اسے پتا ہی نہ چلا. اس کی آنکھ کھلی تو اس کے کانوں میں ازان کی آواز آ رہی تھی. اس نے آنکھیں زور سے بند کیں اور دل سے دعا کی. "یا اللہ, صارم کو برباد کر دیں، آج یہ جو دنیا اس کی عزت کرتی ہے کل کوئی اسے منہ بھی نہ لگائے، یا اللہ مجھ پر رحم فرمائیں! مجھے انصاف دے دیں یا اللہ صارم سے میری بے سکونی اور بربادی کا بدلہ آپ لیں یا اللہ میرا آپ کے سوا کوئی مددگار نہیں یا اللہ رحم!

اس کے بعد وہ اٹھی اور وضو کرنے واش روم کی طرف بڑھ گئی.

پچھلے چھ مہینوں سے وہ اس حالت کا شکار تھی. کبھی سلیپنگ پلز کھا کر سو جاتی تو کبھی خود کو ازیت دیتے ہوئے آنسو بہاتی رہتی. وہ اپنے وجود کو اپنے اپ پر بوجھ محسوس کرنے لگی تھی... نماز ادا کرنے کے بعد اس نے کلام پاک کی تلاوت کی پھر کالج جانے کی تیاری کرنے لگی.

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

فرش پر پڑے ہوئے اپنی ڈائری کے ٹکڑے اٹھا کر اس نے انھیں سائڈ ٹیبل کی دراز میں رکھ دیا...اور بیگ سمیٹنے لگی...

ثانیہ جلدی آو،ناشتہ لگ گیا ہے"آمنہ بیگم کی آواز آئی"

ثانیہ نے جلدی سے بیگ اٹھایا اور نیچے چلی گئ.....

امی جان! مجھے آج آلو والا سینڈوچ چاہیے پلیز "ثانیہ نے انڈے والا سینڈوچ دیکھا تو فوراا کہا"

میری جان تم مجھے پہلے بتاتی اب تو تمہاری کالج بس آنے والی ہے تم لیٹ ہو جاو گی"آمنہ بیگم نے انڈے والا سینڈوچ اس کی پلیٹ میں رکھتے ہوئے کہا،

اممممم....."ثانیہ کا موڈ آف ہو گیا.

امی،امی جلدی کریں یار میں لیٹ ہو رہا ہوں،آفس کے لیے"عمر جلدی میں آیا اور ثانیہ کی ساتھ والی چیئر کھینچ کر بیٹھ گیا.

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

ہاں یہ لو بیٹھو" آمنہ بیگم نے سینڈ وچز کی پلیٹ اور جوس کا جگ عمر کی طرف بڑھا دیا

گڑیا کا منہ کیوں لٹکا ہوا ہے" عمر نے ثانیہ کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا جو سنجیدگی سے سینڈوچ کھا رہی تھی.

اتنے میں وین کے ہارن کی آواز آئی اور ثانیہ بیگ اٹھا کر باہر کی طرف بڑھ گئی...

امی یہ عجیب ہو گئی ہے ناں" عمر نے جوس گلاس میں بھرتے ہوئے کہا"

ہاں اب یہ ہر چھوٹی بات پر چڑتی ہے اور زیادہ تر خاموش رہتی ہے" آمنہ بیگم نے سنجیدگی سے کہا....

امی ہو سکتا ہے سٹڈی کی وجہ سے ڈسٹرب ہو، میرٹ بھی تو بنانا ہے اس نے" عمر نے گھڑی پر ٹائم دیکھتے ہوئے کہا....

ہممممم" آمنہ بیگم بیگم نے اتفاق کیا....

اچھا امی میں چلتا ہوں ورنہ ابو جان نے مجھے نوکری سے فارغ کر دینا ہے" عمر نے مسکراتے ہوئے کہا اور باہر کی طرف بڑھ گیا...

**************&&&&&&&****

تمہارا دھیان کہاں رہتا ہے ثانیہ حد ہے ویسے میں کب سے بک بک کر رہی ہوں اور تم بس

چپ" عالیہ نے یہ کہتے ہوئے ثانیہ کے ہاتھ سے موبائل کھینچا"

عالیہ دو، یار پلیز دو" ثانیہ لڑنے لگی"

ویٹ" عالیہ نے انگلی سے اشارہ کیا.

ثانیہ رک گئی....

پڑھنا شروع کی... conversation عالیہ نے موبائل پہ

اوہو.....جناب" عالیہ نے ثانیہ کو بازو پہ چٹکی کاٹی...

ثانیہ شرمانے لگی...

کون ہے یہ" عالیہ نے آنکھ مارتے ہوئے پوچھا...

صارم" ثانیہ نے شرماتے ہوئے جواب دیا...


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عالیہ نے ثانیہ کا موبائل اسے واپس کر دیا ثانیہ اسے اپنی ساری سٹوری بتانے لگی کہ کیسے وہ اور صارم ملے اور کیسے بات شروع ہوئی...اس کے بعد ان کی ریس آف ہوئی اور وہ دونوں کلاس میں چلی گئیں...

********&&&&&&*******

احسان علی کے دو بچے تھے ایک بیٹا عمر اور ایک بیٹی ثانیہ......

انھوں نے اور ان کی شریک حیات آمنہ بیگم نے دونوں بچوں کی بہت اچھے سے تربیت کی تھی. ثانیہ چھوٹی ہونے کی وجہ سے گھر میں بہت لاڈلی تھی...اس کی ہر ضد پوری کی جاتی تھی... فطرتاً ضدی تو تھی لیکن بہت نرم دل، خوش اخلاق اور ہر لمحہ انجوائے کرنے والی لڑکی تھی..

***********&&&&&&********

ثانیہ 10th میں تھی جب صارم اور وہ کلاس فیلوز تھے. صارم نے اسے پرپوز کیا تھا. ثانیہ کو بھی وہ اچھا لگتا تھا. لیکن سیکنڈ ییئر کے شروع کے دنوں میں صارم نے یہ کہہ کر ثانیہ سے رابطہ ختم کر دیا کہ اس کے پیرنٹس نہیں مانیں گے اور وہ اپنے پیرنٹس کو نہیں چھوڑ سکتا.

حالانکہ ثانیہ کو کہیں سے خبر ملی تھی کی صارم کسی اور لڑکی کے چکر میں ہے.ثانیہ ٹوٹ کر بکھر گئی تھی اس کا دل کیا تھا کہ زمین پھٹے اور وہ اس میں سما جائے.پھر صارم کالج چھوڑ کر بھی چلا گیا.

عالیہ ثانیہ کہ بیسٹ فرینڈ تھی اس نے ثانیہ کو سنبھلنے میں بہت مدد کی.

پہلے تو ثانیہ شوخ مزاح پسند لڑکی ہوا کرتی تھی لیکن صارم کے چلے جانے کے بعد گویا وہ بدل گئی تھی.وہ اکثر خاموش رہتی بس کام کی بات کرتی.

سنجیدگی کی چادر اوڑھ کر اس نے اپنے آپ کو مضبوط دکھانے کی بھرپور کوشش کی لیکن وہ تنہائی میں ہار جاتی اپنے دل سے،اپنے آپ سے،اپنی سوچوں کے سمندر سے اور اپنے اندر پلنے والی بدلے کی آگ سے!وہ بہت دعائیں کرتی کی صارم کا انجام وہ اپنی آنکھوں سے دیکھے.....

احسان علی بزنس ماسٹر،انٹر نیشنل بزنس منیجر تھے.ثانیہ کا بھائی عمر بھی اپنے والد احسان صاحب کے ساتھ بزنس سنبھالنا سٹارٹ کر چکا تھا.....


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

لوگوں کی نظروں میں ثانیہ کی لائف آئیڈیل تھی.....

******&&&&*****

وہ جیسے ہی کالج گیٹ سے اندر داخل ہوئی، عالیہ اس کا ویٹ کر رہی تھی....

تم کہاں تھی میں کب سے ویٹ کر رہی ہوں" عالیہ نے ناراض ہوتے ہوئے کہا"

ٹائم دیکھو، میں بالکل رائٹ ٹائم پہ آئی ہوں تم آج جلدی آگئی ہو" ثانیہ نے عالیہ کو اپنی رسٹ واچ دکھاتے ہوئے کہا"

تو روئی ہے" عالیہ نے ثانیہ کے گال پہ ہاتھ رکھتے ہوئے کہا"

نہیں" ثانیہ نے نظریں چرائیں

"ثانی، کیوں دے رہی ہے تو خود کو اذیت؟" عالیہ نے ثانیہ کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیتے ہوئے کہا....

CLASSIC URDU MATERIAL
www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"میں جس ازیت سے گزر رہی ہوں، اس بے حس کو اس سے بڑی ازیت سے گزرنا پڑے گا ایک دن تم دیکھ لینا میرے اللہ میاں میرا بدلہ لیں گے" ثانیہ نے اپنا رخ دوسری طرف کرتے ہوئے کہا....

انشاءاللہ" عالیہ نے دل سے دعا کی....

آو چلیں کلاس میں آج میم نے ڈیٹ شیٹ بتانی ہے ناں" ثانیہ نے عالیہ کا ہاتھ پکڑا اور دونوں کلاس کی طرف چل دیں.....

****&&&******&&&&********* (AFTER 1 MONTH)

ثانیہ کے پیپرز بہت اچھے ہوئے تھے اسے امید تھی کہ اس کا میڈیکل کالج میں داخلہ ہو جائے گا

اب اس نے انٹری ٹیسٹ کی بھرپور تیاری شروع کردی.....

(AFTER 3 MONTHS)

"آؤ ثانیہ، ناشتہ کر لو پھر عمر تمہیں ایگزام سنٹر چھوڑ آتا ہے" آمنہ بیگم نے ثانیہ کو آتے دیکھا تو کہا...

"امی مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے" ثانیہ نے کرسی کھینچ کر بیٹھتے ہوئے کہا.....

"بیٹا، ڈرتے نہیں ہیں، کنفیوز مت ہونا بس! مزے سے کرنا، انشاءاللہ اللہ پاک تمہیں کامیاب کریں گے" آمنہ بیگم نے یہ کہہ کر آگے بڑھ کر آمنہ کی پیشانی پہ بوسہ دیا....

آمین "عمر وہیں آرہا تھا تو اس نے سن لیا تھا اس نے آتے ہی کہا"

ثم آمین "آمنہ بیگم نے مسکرا کر عمر کو دیکھا...

ثانیہ بھی مسکرا دی....

عمر آکر بیٹھ گیا...

السلام علیکم "احسان علی کچن میں داخل ہوئے"

وعلیکم السلام "سب نے کہا"

بابا، دعا کیجئیے گا، ثانیہ نے احسان علی کی طرف دیکھتے ہوئے کہا....



www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

میری گڑیا ہماری دعائیں ہمیشہ آپ کے ساتھ ہیں،"احسان علی نے ثانیہ کا گال تھپتھپاتے ہوئے کہا....

اور پھر کرسی کھینچ کر ناشتہ کرنے بیٹھ گئے...

ناشتہ کے بعد عمر ثانیہ کو چھوڑنے چلا گیا اور احسان علی آفس چلے گئے

**********&&&&&&*******

عالی"ثانیہ نے عالیہ کو دیکھا تو اس کی طرف لپکی...

کیسی تیاری ہے ٹیسٹ کی؟؟عالیہ نے ثانیہ کی طرف دیکھتے ہوئے کہا...

اللہ جانے"ثانیہ نے منہ بناتے ہوئے جواب دیا...

وہ دونوں وہاں کھڑی ہو کے باتیں کرتی رہیں اتنے میں سپریڈنٹ نے تمام سٹوڈنٹس کو کلاسز میں جانے کا کہا...

ثانیہ گھر آئی تو اس کا چہرہ کھلا ہوا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

"ماشاءاللہ! لگتا ہے میری بچی کا ٹیسٹ اچھے سے ہو گیا" آمنہ بیگم نے ثانیہ کو پیار کرتے ہوئے کہا....

الحمدللہ, اب بس دعا چاہیے "ثانیہ نے صوفہ پہ بیٹھتے ہوئے جواب دیا...

اللہ پاک بہتر کریں گے تم کپڑے چینج کر لو میں کھانا لگاتی ہوں" آمنہ بیگم نے کہا اور کچن کی طرف بڑھ گئیں.

ثانیہ اپنے کمرے میں چلی گئی....

*****&&&&&&********

ماشاءاللہ، ماشاءاللہ! مبارکباد" آمنہ بیگم کو تمام رشتہ داروں کے فون پہ فون آ رہے تھے....

احسان علی بھی فون پر سب کو بتانے میں مصروف تھے...

"موٹی، ڈاکٹر ثانیہ احسان علی" عمر نے ثانیہ کی گال پہ چٹکی کاٹتے ہوئے کہا...

بھائی موٹی نہیں ہوں میں...ثانیہ نے منہ بنایا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

عمر نے قہقہ لگایا... لیکن میں تو اپنی ثانی کو موٹی بھینس بلاوں گا اور کس کو بلاوں میں اکلوتی بہن ہو میری.... عمر نے بھرپور انداز سے ثانیہ کو چڑایا..

ثانیہ نے عمر کو گھوری سے نوازا...

پھر احسان علی اور آمنہ بیگم بھی ان کے ساتھ آکر بیٹھ گئے رات دیر تک گپ شپ کرتے رہے...

ثانیہ کمرے میں آئی تو رات کے 2 بج رہے تھے...

میں نوافل ادا کرلوں اس نے خود سے کہا اور واش روم کی طرف بڑھ گئی...

اس نے شکرانے کے نوافل ادا کیے... پھر جیسے ہی اس نے موبائل اٹھایا... ایک جانے پہچانے نمبر سے کچھ ٹیکسٹ میسجز جگمگا رہے تھے...

*****************&&&&&*****

صارم "اسے نمبر پہچاننے میں ایک سیکنڈ بھی نہیں لگا...

اس نے میسجز کھولے...

"Congratulations♥ Sania,

Mujhy muaf kr do, me ghalti pr tha"

سکرین پر یہ الفاظ جگمگا رہے تھے۔

ثانیہ شاکڈ تھی۔

" Oh, muaf kr dou, me koi pagal lgti houn tmhy sarim,pichly 8-10 mahenou sy tmhari wajah sy aziytou sy guzar rahi houn, aur tm ek paL me muafi mango to tmhy muaf kr dou?

Sarim Hassan Mujhsy zindgi bhar muafi ki umeed mat rkhna mein tm sy nafrt krti houn,

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

Mery Allah mian tm sy hr ziyadti ka baDLa Lyen gy, Ainda mery Num pr msg krny ki jurt mt krna”

ثانیہ نے یہ لکھ کر اسے ٹیکسٹ کیا اور نمبر بلاک کر دیا.

وہ نہیں جانتی تھی اس میں یہ سب لکھنے کی ہمت کہاں سے آئی. وہ تو اپنے دل کے ہاتھوں مجبور ہونے والی لڑکی تھی. وہ اب مزید خود پر بوجھ نہیں بننا چاہتی تھی. وہ خود مختار بننا چاہتی تھی.

****&&&***^^^******&&&&**

"عالی تم اور میں ایک ہی میڈیکل کالج میں یار کتنا مزہ آئے گا" ثانیہ نے عالیہ سے کہا وہ اور عالیہ لان میں اکٹھے بیٹھے تھے.

عالیہ کی امی آمنہ بیگم کو ثانیہ کی کامیابی پر مبارکباد دینے آئی تھیں.

عالیہ کا ایڈمیشن ڈی-این-ڈی میں ہوا تھا اور ثانیہ کا ایم-بی-بی-ایس میں لیکن دونوا یک ہی میڈیکل کالج میں سیلیکٹ ہوئی تھی اس لیے ان کی خوشی کی انتہا نہیں تھی...

وہ کافی دیر لان میں بیٹھ کر باتیں کرتی رہیں. ثانیہ نے عالیہ کو صارم کے میسج کے بارے میں بھی بتایا...

عالیہ نے ثانیہ کو تسلی دی کہ اس نے صارم کو اچھا جواب دیا ایسے لوگوں کے ساتھ ایسا ہونا چاہیے....

پھر وہ دونو ہال میں چلی گئیں جہاں آمنہ بیگم اور عالیہ کی امی بیٹھی تھیں.

************&&&&&**********

"یا اللہ مجھے صبر عطا فرمائیں، یا اللہ مجھ پر رحم فرمائیں." عشاء کی نماز کے بعد وہ دعا مانگنے میں مشغول تھی. آنسو اس کے گالوں کو چھوتے ہوئے اس کے ہاتھوں پہ گر رہے تھے...

اس کا فون بجا کوئی نیا نمبر جگمگا رہا تھا....

اس نے کال اٹینڈ کر کے فون کان سے لگایا دوسری طرف سے ہیلو سنتے ہی وہ سکتے میں آگئی...

ہیلو! تم مجھے سن رہی ہو ناں ثانیہ" صارم مسلسل بول رہا تھا...ثانیہ نے کال کاٹ دی اور نمبر بلاک کر دیا.

اب وہ سجدے میں گڑگڑا رہی تھی اور صارم کو بھولنے کی دعائیں مانگ رہی تھی.

پھر اس نے اٹھ کر جائے نماز لپیٹی اور الماری میں رکھ دی اس کے سارے پرانے زخم پھر سے تازہ ہو گئے تھے. وہ بستر پہ سونے کے لیے لیٹی لیکن نیند تو اس کی کب سے اڑ چکی تھی..."درد کی انتہا کیا ہوتی ہے میں کبھی سمجھ نہیں پاؤں گی" انتہائی اذیت میں تھی وہ....

اس نے اٹھ کر سائڈ ٹیبل کی دراز سے گولیاں نکالیں اور کھا کر پھر لیٹ گئی..

تھوڑی دیر میں ہی اسے نیند آ گئی.

اگلے دن وہ تقریباً دن کے 2 بجے اٹھی تھی. جب اس کی امی نے اسے بتایا کہ شام کو اس کے پاپا کے دوست اور ان کی فیملی اس کی کامیابی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

پر اسے مبارکباد دینے ان کے گھر پر آرہے ہیں....

اوکے امی میں اٹھ جاوں گی..ثانیہ نے غش بھری آواز میں جواب دیا...اسے اپنی تبیعت اپسیٹ لگ رہی تھی..

"فریش ہو جاو بہت سو لیا ثانی" آمنہ بیگم یہ کہہ کر کمرے دے جانے کے لیے مڑی ہی تھیں کی ثانیہ نے انہیں پکارا...

امی پلیز ثانیہ کی ہاتھ کچھ کھانے کو بھجوادیں بہت بھوک لگ رہی ہے"

ٹھیک ہے بھجواتی ہوں" آمنہ بیگم یہ کہہ کر نیچے چلی گئیں...

ثانیہ عجیب حالت کا شکار ہو رہی تھی.اس کے سر میں شدید درد تھا..صارم کی آواز اس کے کانوں مین گونج رہی تھی...وہ رونا چاہتی تھی لیکن رو نہیں پا رہی تھی....سکینہ کھانا لے کر آئی اس نے کھانا کھایا اور درد کی ٹیبلٹ لے لی کہ شاید اسے آرام آجائے صارم کی یادیں اسے ازیت دی رہی تھیں...وہ تڑپ رہی تھی....ایک مچھلی جیسے پانی کے بغیر تڑپتی ہے، وہ اپنی محبت کے بغیر تڑپ رہی تھی. وہ اللہ سے مدد مانگ رہی تھی گڑگڑا کر دعائیں مانگ


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

رہی تھی.. کہ اچانک اس کے سر میں درد کی شدید ٹیس اٹھی اور اس کی آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا گیا..

*****&&&************&&&&&&****

حسین شاہ احسان علی کے بہت پرانے جگری دوست تھے. دونوں ایک دوسرے پر جان چھڑکتے تھے. حسین شاہ کے دو بیٹیاں اور ایک بیٹا تھا.

ان کی بڑی بیٹی رانیہ شادی شدہ تھی. جبکہ چھوٹی بیٹی عنایہ جو بی-ایس انگلش کر رہی تھی اور بیٹا معیز حال ہی میں ملائیشیا سے بزنس میں ماسٹر کر کے آیا تھا......

ثانیہ کو مبارکباد دینے حسین شاہ ان کی بیگم روبینہ شاہ اور بیٹی عنایہ آئے تھے.

شام کے پانچ بجے وہ لوگ احسان علی کے گھر پر تھے.... وہ سب ڈرائنگ روم میں بیٹھے تھے...

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

احسان علی اور حسین شاہ آپس میں بزنس کے متعلق باتوں میں مصروف تھے... آمنہ بیگم اور روبینہ بیگم آپس میں باتیں کر رہے تھے. عنایہ مسلسل بور ہو رہی تھی کیونکہ ثانیہ ابھی تک کمرے سے نہیں نکلی تھی...

عنایہ بیٹا" آمنہ بیگم نے عنایہ کو بلایا...جی آنٹی عنایہ ان کے پاس گئی.

بیٹا آپ اوپر ثانیہ کے کمرے میں چلی جاو اسے نیچے بلا لاو بیٹا کافی دیر ہو گئی ہے میں نے اسے آپ سب کے آنے کا کہا بھی تھا" آمنہ بیگم نے کہا...

اوکے آنٹی میں اسے بلا لاتی ہوں: عنایہ یہ کہہ کر ثانیہ کے کمرے کی طرف چل دی...

عنایہ نے دروازہ ناک کیا لیکن دروازہ کھلا ہوا تھا وہ اندر داخل ہوئی تو حیران ہو گئی. ثانیہ بیڈ پر بے سدھ پڑی تھی...

عنایہ اس کے پاس گئی اسے پکارا لیکن وہ ہلی تک نہیں پھر عنایہ نے اس کا بازو پکڑا ثانیہ پھر بھی ہلی تک نہیں

اسے ہوش نہیں تھا...

عنایہ جلدی سے نیچے سب کو بتانے کے لیے دوڑی.....

*******&&&&&&&********

دیکھیں احسان صاحب ان کا ذہن بہت زیادہ ڈپریشن کا شکار ہے..اس لیے ہلکا سا نروس بریک ڈاون ہوا ہے... شکر کریں کہ بہت شدید نہیں ہوا ورنہ ان کی حالت بگڑ سکتی تھی.... یہ کب سے سلیپنگ پلز لے رہی ہیں...ڈاکٹر نے احسان علی کی طرف سوالیہ نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھا...

نیند کی ٹیبلٹس "احسان علی نے پاس کھڑی آمنہ بیگم کی طرف دیکھا انہوں نے کندھے اچکائے...

ڈاکٹر صاحب ہمارے گھر تو نیند کی گولیاں کوئی نہیں کھاتا یہ ثانیہ کے پاس کیسے آئی "احسان علی خود تشویش کا شکار تھے..آمنہ بیگم پریشان ہو گئی تھی....

اچھا میں کچھ دوائی لکھ کے دے رہا ہوں بچی کا خوب دھیان رکھیے گا...اور ان کا بخار صبح تک انشاءاللہ اتر جائے گا... یہ کہہ کر ڈاکٹر نے اپنا بیگ اٹھایا..

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

آئیں آئیں ڈاکٹر صاحب میں آپ کو چھوڑ دیتا ہوں..احسان علی نے ڈاکٹر کا بیگ اٹھایا اور وہ دونو آگت پیچھے کمرے سے باہر نکل گئے....

آمنہ بیگم نے ثانیہ کے ماتھے پر بوسے دیا اور کمرے سے باہر چلی گئی....نیچے ڈرائنگ روم میں حسین صاحب اور ان کی فیملی بیٹھے تھے ان کو بھی تو ٹائم دینا تھا...

بہن بتائے ڈاکٹر نے کیا کہا ثانیہ بیٹی کیسی ہے؟" روبینہ بیگم نے جو نہی آمنہ بیگم کو دیکھا فوراً پوچھا...

ڈاکٹر نے کہا ہے کہ اس نے کوئی بہت زیادہ ٹینشن سر پر سوار کر رکھی ہے جس کی وجہ سے نروس بریک ڈاون ہوا ہے...آمنہ بیگم نے تشویش میں جواب دیا....اور وہ روبینہ بیگم کے ساتھ صوفہ پر بیٹھ گئی....

اتنے میں احسان صاحب بھی کمرے میں داخل ہوئے...وہ بھی پریشان تھے...

حسین صاحب اور ان کی فیملی مزید تھوڑی دیر وہاں بیٹھے پھر واپس آ گئے..وہ سب بھی ثانیہ کے لیے بہت پریشان ہو گئے تھے.....


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

************&&&&&&&&&&**

امی,ثانیہ کی تبیعت ٹھیک تو ہو گی ُہو گی ناں.....ز ہم فون کر کے پوچھ لیں...

اگلی صبح عنایہ نے روبینہ بیگم کو ڈاءننگ ٹیبل پر مخاطب کیا جب وہ سب ناشتہ کر رہے تھے...

ہاں میں بھی یہی سوچ رہی تھی... تھوڑی دیر تک فون کر کے پوچھ لوں گی...روبینہ بیگم نے تشویش بھرے لہجے میں کہا"

ثانیہ ز ز ز معُیز نے سوالیہ نظروں سے عنایہ اور روبینہ بیگم کو دیکھا....

.ہم جن کے گھر کل گئے تھے ناں انکل احسان اُن کی بیٹی ہے ثانیہ "عنایہ نے تصدیق کی....

بیٹا اس دن میں نے ملوایا تھا ناں تمہیں احسان علی صاحب سے..میں نے کہا تھا میرے بہت پُرانے دوست ہیں...."حسین صاحب نے میعز کو یاد دلوایا.....

ہاں ہاں یاد آیا کیا ہوا ان کی بیٹی کو.."معیز نے پوچھا...

عنایہ نے معیز کو ساری بات بتائی

اوہاو.. لڑکیاں بھی اتنا ڈپریشن لیتی ہیں کہ نروس بریک ڈآؤن... معیز نے مذاق اُڑایا....

معیز ایسا نہیں کہتے" روبینہ بیگم نے معیز کو گھورا"

اوپسس امی جان مذاق کر رہا تھا یار "معیز دوبارہ

ناشتہ کرنے میں مصروف ہو گیا....

**********&&&&&*******آمنہ بیگم اور احسان علی

ناشتہ کر رہے تھے جب ثانیہ نڈھال سی وہاں آئی...

میری جان تم کیوں آئی ہو مجھے بلا لیتی" آمنہ بیگم نے ثانیہ کو دیکھا تو فوراً اس کی طرف

بھاگ کر اسے کندھوں سے تھام کر کرسی پر بِٹھادیا....

امی ڈونٹ وری آیم اوکے "ثانیہ نے مسکرا کر ماں کی طرف دیکھا....

اللہ تمہیں صحت دیں" آمنہ بیگم وہی اس کے ساتھ والی کرسی پر بیٹھ گئی...

تبیعت کیسی ہے." احسان علی نے تھوڑے روکھے انداز میں پوچھا..

آمنہ بیگم اور ثانیہ دونو نے ان کے روکھے پن کو واضح محسوس کیا....

ٹھیک ہوں بابا" ثانیہ کے چہرے پر سوالات تھے...

پھر احسان علی وہاں سے اُٹھ کر جانے لگے تو ثانیہ نے فوراً روکا

بابا کیا آپ مجھ سے ناراض ہیں؟

میں کیوں ناراض ہوں گا میرا کیا حق ہے اپنی اولاد پر جو اولاد اپنے ماں باپ کو اتنا حق نہیں دے سکتی کہ اپنی پریشانی بتا دے نیند کی گولیاں کھانی ہوتی ہیں ناں ہم سے بات بھی نہ کیا کرو" یہ کہہ کر احسان علی اپنے کمرے کی طرف بڑھ گئے...امی" ثانیہ نے ماں کی طرف 😟 دیکھا

صحیح کہا ہے تمہارے بابا نے...اب عمر آئے تو اُسے بھی ڈانٹوں گی تم لوگ بے شک ہمیں نہ بتاؤ لیکن ایک دوسرے سے تو اپنی پریشانی شیئر کر سکتے ہو کہ اتنا زیادہ ڈپریشن نہ ہو" آمنہ بیگم بھی ثانیہ سے خفا لگ رہی تھی...

("عمر بزنس کے سلسلے میں لاہور گیا ہوا تھا اور ان حالات سے بے خبر تھا...)

ثانیہ کو شرمندگی ہوئی...وہ سر جھکائے بیٹھی رہی

آمنہ بیگم نے اس کے گال پہ پیار سے ہاتھ پھیرا پھر اسے اپنے ہاتھ سے کھانا کھلانے لگیں

امی کھالوں گی میں چھوٹی بچی تو نہیں ہوں ناں "ثانیہ نے پیار سے اپنی امی کو دیکھتے ہوئے 😮 کہا..میرے لیے میری ثانی ابھی بھی چھوٹی سی گڑیا ہے

ثانیہ مسکرادی...

امی پکا میں آئندہ نیند کی ٹیبلٹس نہیں کھاؤں گی زیادہ ڈپریشن بھی نہیں لوں گی پکا والا پرامیس ناں بس آپ اور بابا ناراض نہ ہوئیں مجھ سے,"ثانیہ رو دینے کو تھی.ٹھیک ہے جاؤ اپنے بابا سے بھی معافی مانگو اور آئندہ ایسی حرکت مت کرنا....

ثانیہ آرام سے اٹھی اور احسان علی کے کمرے کی طرف بڑھ گئی..تاکہ ان سے معافی مانگ سکے....

اس کی تبیعت ابھی بھی کافی خراب تھی لیکن وہ ہمت کر کے چل رہی تھی وہ اپنے پیرنٹس کو مزید پریشان نہیں کرنا چاہتی تھی

**********&&*****&&*****&***رات کو دیر سے

عمر آیا تو آمنہ بیگم نے اسے ثانیہ کا بتایا....

عمر کو ثانیہ پر غصہ آ رہا تھا....

وہ اپنی بہن سے بہت پیار کرتا تھا..اُسے اس حالت میں دیکھ کر غصہ آنا تو بنتا تھا....

لیکن وہ اب اتنی رات کو ثانی کو ڈانٹ بھی نہیں سکتا تھا.....

اگلے دن دوپہر میں جب ثانیہ کمرے سے نکلی تو عمر نے اسے ڈانٹا پھر پیار سے سمجھایا تھا کہ

اسے اپنا خیال رکھنا چاہیئے

ثانیہ کو اپنی قسمت پر بہت رشک آیا کہ اللہ تعالیٰ نے اسے اتنے پیار کرنے والے پیرنٹس

اور اتنا کیئر کرنے والا بھئی دیا

☹اگر ایک برے دھوکہ باز شخص سے اسے قسمت نے ملا دیا تو کیا ہوا

☺باقی سب تو اچھے ہیں

اُس نے پہلی بار خود کو اتنا لکی محسوس کیا

شام میں عالیہ اس کے گھر پر اس سے ملنے آ گئی اس کا سن کر تو عالیہ بھی بہت پریشان ہو گئی تھی

***********&&&&&&&********

دفع ہو مجھے تجھ سے بات نہیں کرنی" عالیہ ثانیہ سے خفا ہو رہی تھی....

عالی سوری "ثانیہ اسے منا رہی تھی...

تو ہمیشہ باتیں مجھ سے شئیر کرتی ہے ناں اب تجھے کیا ہو گیا ہے.. تو اتنا ڈپریشن اتنی ٹینشن کیوں لے رہی تھی تجھے کچھ ہو جاتا تو" عالیہ نے ثانیہ کو گلے سے لگاتے ہوئے کہا"

"ثانیہ مسکرا دی...❤کچھ نہیں ہوتا مجھے بڑی

پھر ان دونو نے وہی ثانیہ کے روم میں بیٹھ کر پروجیکٹر پر ہارر مووی لگا کر دیکھنا شروع کی..

کمرے میں فل اندھیرا کر کے وہ دونو سنیکس کھانے کے ساتھ ساتھ ہارر مووی انجوائے کر رہی تھیں.....

دروازہ ناک ہوا تو ثانیہ ڈر سے سہم گئی..

اوو موٹی بھینس دروازہ بجا ہے" عالیہ ثانیہ کو ڈرا ہو دیکھ کر ہنس رہی تھی" عالیہ چونکی تو تھی لیکن پھر سمجھ گئی تھی کہ دروازہ بجا ہے.....

ثانیہ نے مووی سٹاپ کی اور سائڈ ٹیبل لیمپ آن کر دیا...

آجائیں" ثانیہ نے کہا

عنایہ اندر داخل ہوئی.....

عنایہ تم" ثانیہ اٹھ کر عنایہ سے گلے ملی...

کیسی ہو"

میں ٹھیک الحمدللہ تم کیسی ہو"

ٹھیک ہوں

اچھا آؤ عنایہ اس سے ملو یہ ہے عالیہ" ثانیہ نے عالیہ کی طرف اشارہ کیا...

السلام علیکم" عالیہ نے مسکرا کر کہا

وعلیکم السلام "عنایہ بھی مسکرادی

بیٹھو عنایہ ہمارے ساتھ مووی انجوائے کرو. بڑی مزے کی ہے...

ہاں عنایہ بھی ان کے ساتھ بیٹھ گئ

پھر مووی دیکھنے میں تینوں مصروف ہو گئیں

ثانیہ کو بیٹھے بیٹھے ایک شرارت سوجھی اس نے عالی کو چٹکی کاٹی کمرے میں تو اندھیرا تھا ہارر مووی دیکھتے دیکھتے وہ پہلے ہی ڈری بیٹھی تھی بیڈ پہ کھڑے ہو کر چلانا شروع کر دیا..

😂عنایہ نے سمجھا کوئی چھپکلی یا کاکروچ کا چکر ہے وہ بھی بیڈ پہ ڈر کے کھڑی ہو گئ

ثانیہ کا ہنس ہنس کر برا حال تھا

عالیہ ثانیہ کو مارنے کے لیے آگے بڑھی ہی تھی کہ درمیان میں کھڑی عنایہ کا پاؤں عالیہ کو

😂اڑا اور عالیہ اور عنایہ دونو بیڈ سے نیچے ٹھاہ

نیچے 😂بندے گرے ہیں یا ہاتھی "ثانیہ کا ہنس ہنس کے برا حال تھا اس نے ہنستے ہنستے کہا

سب لوگ ڈرائنگ روم میں بیٹھے تھے شور اور چیخیں سنی تو آمنہ بیگم نے عمر کو کہا کہ اوپر جا

کے دیکھے کیا ہوا ہے..انہیں لگا کہ بچیاں کسی کاکروچ چھپکلی یا ٹڈی وغیرہ سے ڈری ہوں گی😂

😊اُٹھ معیز ساتھ چل میں تجھے اپنا نیو پروجیکٹ دکھاتا آؤ گا روم میں رکھا ہے

معیز اود عمر دونوں اوپر چلے گئے

😝عمر نے دروازہ جیسے ہی کھولا سامنے کا منظر کسی فنی کلپ سے کم نہیں تھا

عالیہ نے ثانیہ کا کان پکڑا ہوا تھا جبکہ ثانیہ ہنس ہنس کے پاگل ہو رہی تھی عنایہ نیچے قالین پہ پڑی تھی جیسے ہی دروازہ کھلا تینوں نے دروازہ کی طرف دیکھا عمر اور معیز نے ایک دوسرے کو دیکھا دونوں نے ایک دم قہقہ لگایا...

تم لوگ خود چھپکلیاں ہو ہم دیکھنے آئے کہ چلا کیوں رہی تھیں تینوں جی بھر کر شرمندہ ہوئیں

عمر یہ کہہ کر دروازہ بند کر کے چلا گیا اور معیز کو اپنے کمرے میں لے گیا...

اِدھر عنایہ اور عالیہ دونوں ثانیہ کو مارنے کے لیے لپکیں

دیکھتے ہی دیکھتے کمرے میں تکیوں کی جنگ شروع ہو گئی

جب تینوں تھک گئیں تو ہنستے ہنستے بیڈ پر ڈھیر ہو گئیں تھوڑی دیر کے بعد عالیہ اپنے گھر چلی گئی

عنایہ اور ثانیہ نے اپنا حلیہ ٹھیک کیا اور نیچے ڈراء نگ روم میں چلی گئیں

السلام علیکم !ثانیہ نے اندر آتے ہی سلام کیا

روبینہ بیگم نے اٹھ کر ثانیہ کو گلے سے لگایا" کیسی ہے میری بچی"

ٹھیک ہوں آنٹی"ثانیہ مسکرائی

حسین صاحب نے ثانیہ کے سر پر ہاتھ رکھا

"اللہ تمہیں خوش رکھیں بیٹا"

پھر عنایہ اور ثانیہ دونوں وہی ساتھ صوفہ پر بیٹھ گئیں

معیز کی نظریں ثانیہ پر جم سی گئی تھیں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

یہ چھوٹی سی معصوم سے گڑیا جیسی لڑکی اتنا ڈپریشن کیسے لے سکتی ہے. معیز سوچو میں گم تھا جب عمر کی آواز پہ وہ چونکا اور پھر عمر کے ساتھ باتوں میں مصروف ہو گیا...

ثانیہ سب کے ساتھ گپ شپ میں مشغول تھی بات کرتے کرتے معیز کی نظر انجانے میں اس پر پڑ جاتی تھی...

پھر حسین صاحب گھر جانے کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے

روبینہ بیگم اب چلیں انھوں نے مسکراتے ہوئے روبینہ بیگم کو کہا

جی جی چلیں پھر عنایہ اور معیز بھی اٹھ کھڑے ہوئے

پھر وہ لوگ گھر کی طرف روانہ ہو گئے

***********+++++++++++********

AFTER 2 MONTHS

ثانیہ اب آہستہ آہستہ ٹھیک ہوتی جا رہی تھی....

وہ بہت حد تک سنبھل چکی تھی.... کبھی کبھی تنہائی میں اُس کی یاد میں رو تو پڑتی لیکن

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

اس کی حالت پہلے کی طرح بالکل نہیں تھی...

دو دن بعد اسے ہاسٹل کے لیے روانہ ہونا تھا...

آمنہ بیگم تو اس سے دور رہنے کا سوچ بھی نہیں سکتی تھی....

احسان علی صاحب تو اس کے ہاسٹل جانے کا سُن کر بڑے پریشان سے تھے..

عمر کی تو ثانیہ میں جان بستی تھی..

"ڈاکٹر ڈاحبہ دو دن ہیں آپ کے یہاں ہمارے ساتھ زرا اپنے ہاتھ کی بنی ہوئی چائے تو پلا دیں اپنے اس پیارے سے بھائی کو.."عمر نے لفض پیارے پر زرا زور دے کر کہا جیسے ہی ثانیہ ان سب کے ساتھ ٹی وی لاؤنج میں صوفہ پر آ کر بیٹھی.....عمر اور احسان علی تھوڑی دیر پہلے ہی آفس سے آئے تھے......

ایک کپ میرا اور ایک کپ اپنے بابا کا بھی بناتی آنا....وہ اُٹھ کر عمر کے لیے چائے بنانے جانے لگی تھی کہ آمنہ بیگم نے اسے پیچھے سے تاکید کی....


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

"یہ کوئی عجیب چڑیل ٹائپ بن گئی ہے. ماما سچی میں مرضی ہو تو مزاق کرتی ہے مرضی ہو

"عمر کا ثانیہ سے گپیں مارنے کا موڈ تھا لیکن وہ بنا کوئی 😒 تو ڑی بُھنی کوئلہ بنی رہتی ہے

جواب دیے چائے بنانے چلی گئی تو عمر برا سا منہ بنا کر آمنہ بیگم کو شکایت لگانے لگا.

تھوڑی دیر بعد ثانیہ سب کے لیے چائے بنا کر لائی ٹیبل پر رکھی پھر اپنی چائے لے کر اپنے

کمرے میں چلی گئی........

"وہ ہم سے دور جا رہی ہے ناں بیٹا اس لیے تھوڑی سیڈ ہے" آمنہ بیگم نے ثانیہ کی مایوسی

پڑھ لی پھر عمر کو سمجھانے لگیں.................احسان علی ان سب باتوں سے بے خبر نیوز

دیکھنے میں مصروف تھے سب کے والد تو ایسا ہی کرتے ہیں جب نیوز دیکھتے ہیں پھر ارد گرد

کی کوئی خبر نہیں رہتی 😂🙂

***************#####***********

کیسے موڑ پہ نہ جانے لائی ہے

یہ زندگی

روٹھا روٹھا ہے نصیبا

روٹھی روٹھی ہر خوشی

دیکھے تھے جو خواب

سب ٹوٹ گئے

کہہ رہی ہے آنکھوں سے

شاید میری بے بسی

کوئی بچھڑا یاد آئے

آنسو پیا نہ جائے

ربّا قسمت میں رونا

کیوں لکھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کیسا یہ درد ہی عشق عشق

کیسا یہ مرض ہے عشق عشق

میرا دشمن میرا عشق عشق

کیویں مار مکاواں

وہ رو رہی تھی... مجھے کیوں یاد آتا ہے وہ... کیوں میں اسے بھول نہیں پا رہی.. اللہ میاں پلیز رحم فرمائیں میری حالت پر.. وہ گھٹنوں میں منہ چھپائے بیڈ سے ٹیک لگائے زاروزار رو رہی تھی....

"میری ڈول میری جان جب ڈاکٹر بنے گی ناں میں اس دن خوب جشن مناؤں گا بھنگڑے ڈالوں گا" صارم کی آواز اس کی کانوں میں کہیں سے گونجی.... نفرت کرتی ہوں میں تم سے" اس نے کانوں پر اپنے دونو ہاتھ زور سے رکھے...

"اپنی ڈول کہا کرتا تھا وہ مجھکو بخت

میں نا سمجھ سمجھ نہ پائی گڑیا تو بس

کھیلنے کے لیے ہوتی ہے"

وہ بے آواز چلائی... مجھے کیوں عشق کے دورے پڑ جاتے ہیں کیوں ہجر محسوس کرتی ہوں

میں سب بھول کیوں نہیں پاتی....

اس نے خود سے روتے ہوئے کہا پھر اٹھ کر واش روم کی طرح وضو کرنے چلی گئ

آئی نماز ادا کی گڑ گڑا کر دعائیں مانگیں

سونے کے لیے لیٹی تو نیند کہیں نہیں تھی آنکھوں میں..

اس نے درود پاک کا☹️ سلیپنگ پلز وہ کھا نہیں سکتی تھی پر امس کر چکی تھی اپنی ماما سے

ورد کرنا شروع کیا تقریباً گھنٹے کے بعد وہ نیند کی وادیوں میں کھو گئی....

اللہ کا ذکر روح کی خوراک ہوتا ہے جب ہم دل سے زکر کرتے ہیں تو ہر بے سکونی اور مشکلات سے بیزار ہو کر اپنے رب کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں.... پھر اللہ پاک ہمیں سکون مہیا کرتے ہیں اور ہماری مشکلات آسان فرماتے جاتے ہیں ❤❤❤

*************#*#####**کافی عرصہ گزر گیا.. میڈیکل کالج میں اس کا پہلا سال مکمل ہونے والا تھا...اس کا پاسٹ اس کی محبت سب کچھ وہ اپنی زندگی میں بہت پیچھے چھوڑ آئی تھی....وہ اب سب کچھ اپنی لائف سے ڈیلیٹ کر چکی تھی..وہ مہینہ میں گھر کا ایک چکر لگا لیا کرتی دو دن وہی رہتی پھر ہاسٹل واپس آجاتی..عالیہ اور وہ ایک ہی میڈیکل کالج میں تو تھے ہی انہوں نے پرائیویٹ ہاسٹل میں روم بک کرایا یعنی دونو روم میٹس بھی تھے....

عالی سُن عنایہ کی شادی ہے یار"ثانیہ نے جیسے ہی فون کان سے ہٹایا ساتھ والے بیڈ پہ بیٹھی عالیہ کو فوراً خبر سُنائی....

سچی ی ی ی"عالیہ حیران ہو گئی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

مُچی "ابھی ابھی امی نے بتایا" ثانیہ نے فون سائڈ پر رکھتے ہوئے کہا....

کب ہے ؟؟

ایک ہفتہ بعد "

تو کب جائے گی" عالیہ نے پوچھا"

اوئے تو بھی تو جائے گی" ثانیہ نے ناک سکیڑتے ہوئے کہا..

پتا نئیں ابو اجاذت دیتے ہیں یا نئیں" عالیہ نے سوچنے والے انداز میں کہا...

میں بابا سے کہوں گی وہ انکل اکرام سے بات کریں گے تو بس پیکنگ کرنا ہم پر سو روانہ

ہوں گے امی اور بابا لینے آئیں گے "ثانیہ نے خوش ہوتے ہوئے کہا"

واؤ" عالیہ بھی خوش ہو گئی

##########*******###########امی دیں میں سبزی کاٹتی

ہوں "ثانیہ کچن میں آئی آمنہ بیگم سبزی کاٹ رہی تھیں وہ ان کے ساتھ والی چیئر کھینچ کے

بیٹھ گئی اور سبزی والی پلیٹ اپنے آگے کرتے ہوئے کہا...


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

میں سبزی کاٹ لوں گی تم جاؤ اپنا بیگ پیک کرو... آمنہ بیگم نے سبزی کی پلیٹ دوبارہ اپنے آگے کی....

ہیییں لیکن کیوں "ثانیہ نے حیرانی سے ماں کی طرف دیکھا...

اج شام کو عمر تمہیں عنایہ کے گھر چھوڑ آئے گا شام میں تیار رہنا گھر میں پہننے کے دو تنن سوٹ رکھ لینا.... فنکشنز کے عنایہ کے ساتھ جب شاپنگ کرنے جاؤ تب لے لینا" آمنہ بیگم نے مسکرا کر ثانیہ سے کہا....

امی جی شادی میں ابھی پورے چار دن رہتے ہیں "ثانیہ چار انگلیاں کر کے دکھائیں

ابھی تھوڑی دیر پہلے روبینہ بیگم کی کال آئی تھی کہ عنایہ ضد کر دہی ہے عالیہ اور ثانیی کو لازمی بھیجیں; عالیہ کی تو تبیعت خراب ہے اسے بخار ہے اس کی امی نے فون پہ بتایا لیکن تم شام کو عمر کے ساتھ جا رہی ہو" آمنہ بیگم نے ثانیہ کو تفصیلاً بتایا

امی میں وہاں مطلب ان کے گھر رہوں گی"ثانیہ ابھی بھی حیران تھی وہ کبھی کسی کے گھر نہیں رہی تھی ہاسٹل کی بات تو الگ تھی لیکن ایسے کسی کے گھر جا کر رہنا اسے عجیب لگ رہا تھا

عنایہ اور رانیہ بھی ہوں گی تم جاؤ بیگ پیک کرواب میں روبینہ بیگم کو منع تو نہیں کر سکتی تھی"آمنہ بیگم نے کہا پھر ثانیہ اپنے کمرے کی طرف چلی گئی....

شام میں عمر اسے حسین صاحب کے گھر چھوڑنے آیا

سب کو سلام کر کے ثانیہ تو موقع پا کر عنایہ کے کمرے کی طرف چلی گئی عمر ہی بیٹھ کر معیز اور روبینہ بیگم کے ساتھ گپ شپ میں لگ گیا......رات کے کھانے کے لیے عنایہ اور ثانیہ کمرے سے باہر آئیں

حسین صاحب اور رابینہ بیگم پہلے سے ڈائننگ ٹیبل پر موجود تھے

اسلام علیکم انکل"'ثانیہ نے آگے بڑھ کر حسین صاحب کو سلام کیا وہ ابھی گھر آئے تھے ثانیہ ان سے پہلے نہیں ملی تھی....

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

وعلیکم اسلام گڑیا آج ہمارے گھر کا رُخ کیسے کر لیا". حسین صاحب نے اس کے سر پر ہاتھ رکھا"

انکل عنایہ اور آنٹی نے انوائیٹ کیا عنایہ کی ہیلپ کرنی ہے ناں شاپنگ میں "ثانیہ نے مسکرا کر جواب دیا پھر جا کر عنایہ کے ساتھ والی کرسی پر بیٹھ گئی...

بیٹا اسے اپنا ہی گھر سمجھو "حسین صاحب نے مسکرا کر ثانیہ کو کہا

جی انکل "ثانیہ بھی مسکرا دی.....

گڑیا کباب تو لیے نہیں "روبینہ بیگم نے کباب کی پلیٹ ثانیہ کی طرف بڑھائی

جی آنٹی "اس نے مسکرا کر کباب کی پلیٹ روبینہ بیگم کے ہاتھ سے لے لی....

امی جان معیز کہاں ہے "عنایہ نے معیز کو وہاں نہ پا کر پوچھا"

وہ رانیہ کو لینے گیا ہے شعیب (رانیہ کا خاوند) تو آسٹریلیا گیا ہوا ہے اس کی کمپنی کا ٹور تھا.

اس لیے معیز رانیہ کو لینے گیا ہے' روبینہ بیگم نے تفصیلیہ بتایا".

######## &&&&&&##########


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اسلام علیکم "رانیہ نے اندر آتے ہی سلام کیا روبینہ بیگم کے گلے ملی پھر حسین شاہ کے گلے ملی حسین شاہ نے اسے پیشانی پہ بوسہ دیا"خوش رہو میری بچی"

پھر عنایہ اور رانیہ دونو ملیں

جیسے ہی رانیہ نے ثانیہ کو دیکھی وہ آنکھیں پھاڑے دیکھتی رہی"ثانیہ تم کتنی بڑی ہو گئی اتنے عرصہ بعد !ثانیہ اور رانیہ مسکرا کر گلے مل گئیں😮 ہو

آپی کیسی ہیں آپ ?ثانیہ نے مسکراتے ہوئے پوچھا..........بالکل ٹھیک ڈاکٹر ثانیہ احسان علی"رانیہ نے اسے ہنستے ہوئے کہا.....ثانیہ ہنس دی.........

پھر ثانیہ اور رانیہ دونو بیٹھ گئی......اس نے ثانیہ سے پڑھائی کے متعلق اور باقی گھر والو کا حال احوال پوچھا.....

.. .. ... .

رانیہ اسوہ اور علی کدھر ہیں "رابینہ بیگم مو جیسے ہی اپنے نواسوں کا خیال آیا فوراً پوچھا.

.................

امی وہ دونو معیز کے ساتھ ہیں معیزان کو آئس کریم دلانے لے گیا ہے ضد کر رہے تھے"رانیہ نے مسکرا کر کہا...

اتنے میں معیز آگیا.

آپی تمہارے بچے آفت کی پڑیا نہیں بلکہ آفت کے بڑے بڑے پیکٹ ہیں"

معیز دروازے سے اندر داخل ہوا ایک طرف سے اسوہ اور ایک طرف سے علی نے اس کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا..................دونو کے ہاتھ میں آئسکریم کے پیکٹس تھے.......

..........

☺ رانیہ مسکرادی تھوڑے ماموں پہ بھی تو گئے ہیں

میں ایسا نہیں تھا" معیز وہاں آکر سب کے ساتھ بیٹھ گیا.

....اسوہ اور علی عنایہ کے پاس چلے گئے.......

.....وہ انہیں آئس کریم کے پیکٹس کھول کر چلی گئی......

.. .. . ...

ان سے بھی زیادہ شرارتی تھے تم معیز حسین" روبینہ بیگم نے اب معیز کو جواب دیا...

😂 اچھا چلو بھئی مان لیا" معیز نے ہار مانی

باباعزیز صاحب کی کچھ میلز آئی ہوئی تھی میں نے آپکو فارورڈ کردی ہیں انہوں نے ہماری کمپنی کا جو ایڈ کاسٹ کرنا تھا اس اے متعلق کچھ انفارمیشنز ہیں" معیز نے حسین صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے کہا

..................................... سب باتیں کرتے رہے

پھر اس کے بعد اپنے اپنے کمروں میں چلے گئے

############# ************###

اٹھو عنایہ اور ثانیہ دن کے دس بج رہے ہیں شاپنگ بھی سٹارٹ کرنی ہے اور بھی بہت سے کام ہیں

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

رات میں دیر تک عنایہ اور ثانیہ موویز اور سانگز مستی کرتی رہی تھیں...اب رانیہ

........ثانیہ اور عنایہ کو جگا رہی تھی دونو گھوڑے بیچ کر سو رہی

تھیں..........................

اف او آپی اٹھ گئی میں" عنایہ نے آنکھیں موندتے ہوئے کہا

ثانیہ نے بھی انگڑآئی لی اور اٹھ بیٹھی..........

پھر تینو ناشتہ کرنے چلی گئی...................

.......................................... حسین صاحب اور معیز دونو آفس جا چکے تھے..........

اسوہ اور علی کو روبینہ بیگم نے سنبھالا ہوا تھا.........

واپس روم میں آکر وہ لیپ ٹاپ کھول کر بیٹھ گئیں اور ڈیزائنر ویبسائٹس چیک کرنے لگیں......

یار یہ لہنگا دیکھو"ثانیہ نے عنایہ کو ایک پرپل اور ریڈ کنٹراسٹ لہنگا دیکھایا..

نہیں یہ کلر کمبینیشن تھوڑا ایکورڈ لگے گا ثانی"رانیہ نے وہ لہنگا دیکھتے ہی کہا...

.

Kashe's ہے یہ لہنگے کی"ثانیہ نے اب لیپ ٹاپ پر Latest series لیکن آپی ویبسائٹ سرچ کی....

اچھا یہ کشیز والے دیکھیں آپی برینڈڈ اور بہت خوبصورت ہوتے ہیں"ثانیہ نے رانیہ کو لہنگے دیکھائے

عنایہ موبائل پر لگی ہوئی تھی پھر اس نے موبائل سائڈ پر رکھا اور تینو سلیکٹ کرنے میں بزی ہو گئیں

رانیہ کچھ دیر بعد اپنے بچو کو دیکھنے باہر چلی گئ....

مسلسل تین گھنٹے کی محنت کے بعد ثانیہ اور عنایہ کو ایک لہنگا پسند آگیا انہوں نے باہر جا کر روبینہ بیگم اور رانیہ کو دیکھایا انہوں نے دیکھ کر تائید کی....

پھر روبینہ بیگم کے ساتھ بیٹھ کر آگے باقی کاموں کی ☺☺ثانیہ نے لہنگا آرڈر کر دیا پلیننگز اور باتیں کرنے لگیں.... رات میں انہوں نے شاپنگ پہ معیز کے ساتھ جانا تھا..

...

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

معیز کل سے تم آفس نہیں جاؤ گے اتنے کام ہیں یہاں" روبینہ بیگم نے معیز کو سختی سے کہا

اوکے مام ہائیپر تو نہ ہوں" معیز نے مسکراتے ہوئے کہا

روبینہ بیگم نے معیز کو گھورا وہ ہنسنے لگا.......

معیز اور حسین شاہ صاحب ابھی آفس سے آئے تھے...ڈنر کر رہے تھے..... جیسے ہی معیز ڈنر سے فارغ ہوا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ہم لیٹ ہو رہے ہیں معیز چلو بھی" رانیہ وہی آگئی

عنایہ اور ثانیہ اس کے پیچھے تھی....

کہا جانا ہے.."معیز نے انجان بننے کی کوشش کی

آپکے سسرال بھائی جان"عنایہ نے معیز کو مسکراتے ہوئے شرارتی انداز میں کہا

ہائے میرا سسرال پیدا ہو گیا"معیز نے دل پر ہاتھ رکھ کے ہارٹ اٹیک والی ایکٹنگ کی

اب اوور ایکٹنگ نہ کرو اور چلو"رانیہ نے گھورا

اوکے....چلو"معیز ہنستے ہوئے اٹھ کر باہر کی طرف بڑھ گیا.....

امی علی اور اسوہ میڈ کے ساتھ کھیل رہے ہیں ان کا خیال رکھیے گا" رانیہ جاتے جاتے ماں کو کہہ کر گئی.. پھر.. وہ سب شاپنگ کرنے چلے گئے.....

.. ..

سنئے شاہ صاحب "روبینہ بیگم نے حسین شاہ کو پکارا جو نیوز دیکھنے میں مشغول تھے.

جی "حسین صاحب نے نظریں ٹی وی پہ جمائے کہا......

.......معیز اور ثانیہ کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے" روبینہ بیگم نے کہا

حسین صاحب نے حیران ہو کر روبینہ بیگم کو دیکھا...

یہ تو نہیں ہو سکتا بیگم ثانیہ معیز سے بہت چھوٹی ہے" حسین صاحب نے سنجیدہ ہو کر روبینہ بیگم سے کہا....



www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

پانچ سات سال کا فرق ہے.... جانتی ہوں لیکن ثانیہ سے اچھی لڑکی نہیں مل سکتی"

معیز راضی ہو گا..." حسین صاحب نے سوالیہ نظروں سے اپنی شریک حیات کو دیکھا

اس سے پوچھوں گی اگر اسے کوئی لڑکی پسند ہے تو بتا دے اگر کوئی نہیں ہے تو پھر ثانیہ

ہماری بہو" روبینہ بیگم نے مسکرا کر کہا

ہمم عنایہ کی شادی کے بعد دیکھتے ہیں" حسین صاحب نے سوچتے ہوئے کہا.....

++-+---++++--+--

اوئے آج تو چہرہ بڑا چم چم کر رہا ہے میڈم کا" ثانیہ نے عنایہ کو چھیڑتے ہوئے کہا...


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عنایہ کا آج ابٹن تھا..

آپی سنیں جیجو کا نام کیا ہے"ثانیہ نے رانیہ سے پوچھا......

عمیر"رانیہ نے کہا

عمیر بھائی"ثانیہ نے عنایہ کی ٹھوڑی اوپر کرتے ہوئے کہا جو ابٹن لگائے تھوڑا سا گھونگھٹ آگے دے کر بیٹھی تھی.

........وقفہ وقفہ سے سارے رشتہ دار اور عزیزوں میں سے لڑکیاں اور عورتیں اسے ابٹن لگانے آ رہی تھیں

مہندی لگانے والی لڑکیاں عمیر کے گھر والوں نت بھیجی تھیں کہ وہ دلہن کو مہندی لگائیں گی...

عنایہ کی نندیں بھی آئی ہوئی تھیں ابتن لگانے

گھر میں خوب چہل پہل تھی...شام کو ڈھولکی اور مہندی کا فنکشن تھا......

################## $$$#####

مہندی کے فنکشن کا سارا انتظان لان میں کیا گیا تھا سٹیج جو اصلی سورج مکھی کے اور گیندے کے پھولو سے سجایا گیا تھا.

....

عنایہ نے ہرا لہنگا اور پیلی چولی پہنی ہوئی تھی سر پر ہرا دوپٹہ گھونگھٹ کی طرح ڈالا گیا تھا.

عنایہ بہت پیاری لگ رہی تھی....اسے ثانیہ اور رانیہ نے سٹیج پر لا کر بٹھا دیا

...ثانیہ پیلی شارٹ ہلکے سے زری کے کام والی فراک اور ہرے فلیپر میں تھی جس پر

فراک جیسا کام تھا سر پر اس نے بڑی خوبصورتی سے حجاب لیا ہوا تھا..

..

ساری عورتیں باری باری آکر عنایہ کے ہاتھ پر رکھے ہوئے پتے پر مہندی لگا رہی تھیں اور

اس کو مٹھائی کھلا رہی تھیں.

...پھر سب لڑکیوں نے مل کر ڈھولک بجا کر خوب انجوائے کیا..

....بڑی شائستگی سے مہندی کا فنکشن اختتام کو پہنچا.......

$$$$$$%%%%%%$$$$$$$$$

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

معیز میرج ہال بک کرادیا تھاناں" حسین صاحب نے معیز سے پوچھا...

وہ دونوں ہال میں بیٹھے مختلف چیزوں کی لسٹیں بنارہے تھے

ثانیہ ان کو چائے دینے آئی.

...روبینہ بیگم کام میں مصروف تھیں تو اسے کہا تھا....

سنو بیٹا "ثانیہ چائے رکھ کر جانے لگی تھی کہ حسین صاحب نے روکا

جی انکل

بیٹا یہ لسٹ میں نام لکھنے ہیں معیز آپکو بتاتا جائے گا آپ لکھتی جانا مجھے کام ہے
ارجینٹ" حسین صاحب اٹھ کر چلے گئے

ثانیہ لسٹ ہاتھ میں تھام کر بیٹھ گئی

لکھنے بھی ہیں میڈم "معیز نے اسے یوں ایسے بیٹھے ہوئے دیکھا تو کہا

جی بتائیں "ثانیہ نے فوراً کہا

معیز نام بتانے لگا اور ثانیہ لکھتی گئی........

روبینہ بیگم ہال میں داخل ہوئی ہی تھیں کہ ان کی نظر دونوں پر پڑی دل سے دونوں کے ایک ہونے کی دعا کی...

بعض اوقات وہ نہیں ہوتا جو ہم سوچتے ہیں

شام میں بارات کا فنکشن ثانیہ کے لیے قیامت سے کم نہیں تھا......

####### &&&&#########

عنایہ اور عمیر سٹیج پر براجمان تھے دونوں بے حد خوبصورت لگ رہے تھے.


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

.

معیز, شعیب(رانیہ کا خاوند), حسین صاحب اور روبینہ بیگم لوگو کو سنبھالنے میں لگے ہوئے تھے....

ثانیہ اور رانیہ بھی دونوں اکھٹے سارے کام سنبھال رہی تھیں

ثانیہ نے گرے کلر کی فل سلیوز مکسی پہنی تھی جس پر ہلکا کوریے کا کام تھا اس نے بڑے خوبصورت سٹائل میں حجاب سر پر لیا ہوا تھا..........

....

فلمی ہیروئنز کی طرح تو نہیں تھی عام سی لڑکی تھی لیکن بہت پیاری گڑیا لگ رہی تھی

......

معیز بلیک کلر کی شیروانی پہنے غضب ڈھا رہا تھا................

..

ثانیہ امی کہاں ہیں۔"معیز نے ثانیہ کو پکار کر پوچھا وہ بتانے کے لیے مڑی ہی تھی کہ معیز کے پہلو میں کھڑے شخص کو دیکھ کر گویا ثانیہ پر پہاڑ گرا تھا۔

.......ثانیہ کی آنکھیں شدت سے سرخ ہو گئی اور اس کا رنگ زرد پڑ گیا....

معیز کے ساتھ کھڑے اس شخص کی حالت بھی غیر ہونے لگی..

......

صارم"ثانیہ نے گھٹی ہوئی آواز بھی بغیر آنکھیں جھپکائے پکارا..

...

جی میرا ایمپلائی ہے... تم جانتی ہو اسے"معیز حیران تھا وہ تو ثانیہ کی حالت سمجھنے سے قاصر تھا.....

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

..

صارم کا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ زمین کھودے اور اس میں دفن ہو جائے

وہ رخ موڑ گیا......

.....

معیز یہ قاتل ہے میرا قاتل میری خوشیوں کا قاتل میری مسکراہٹ کا قاتل "ثانیہ نے روتے ہوئے بھاری آواز میں ایک ہاتھ اپنے گال پہ پھیرا اور ایک ہاتھ سے صارم کی طرف اشارہ کیا...

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com

صارم وہاں رکنا نہیں چاہتا تھا وہ پیچھے مڑنے لگا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
